Roll #:_________ | Name:_______________ | Sec.:_________

اردو | تفہیم عبارت | جماعت: پنجم

ہمیں گھر کی چیزوں کی دیکھ بھال کرنی چاہیے۔ اگر کوئی چیز ٹوٹ جائے تو ہمیں اس کی مرمت کر لینی چاہیے۔ یہ ہرگز نہیں سوچنا چاہیے کہ کوئی دوسرا آ کے کر دے گا۔ کوئی دوسرا کیوں کر دے؟ آپ پہلے کرنے والے کیوں نہیں بنتے؟ خود آگے بڑھ کر ہر کام اپنے ہاتھ سے کرنے کی عادت ڈالیں۔ اس سے یہ فائدہ ہو گا کہ آپ گھر سے باہر بھی ان چیزوں کا خیال رکھیں گے۔ گلی میں یا سڑک پر اینٹ پتھر یا کیلے کا چھلکا پڑا ہے تو اسے ہٹا کر ایک طرف کر دیں تا کہ کسی کو ٹھوکر نہ لگے یا کوئی پھسل کر نہ گر جائے۔ کہیں کوئی کانٹے دار جھاڑی نظر آئے تو اسے ہٹا دیں۔ کسی چھوٹے بچے کو مدد کی ضرورت ہو تو اس کی مدد کریں۔ کسی بوڑھے کو سڑک پار کرنی ہو تو اس کے کام آئیں۔ ہاتھ سے کام کرنے اور دوسروں کی مدد کرنے سے اللہ تعالیٰ راضی ہوتا ہے۔

1۔ ہر کام اپنے ہاتھ سے کرنے کا کیا فائدہ ہو گا؟

______________________________

2۔ اللہ تعالیٰ کن لوگوں سے راضی ہوتا ہے؟

______________________________

3۔ آپ کون سے چھوٹے چھوٹے کام کر کے دوسروں کی مدد کیسے کرتے ہیں؟

______________________________

4۔ کسی بوڑھے کی مدد آپ کیسے کرتے ہیں؟

______________________________

5۔ آپ گھر سے باہر کچھ کھا کر کچرا کہاں پھینکیں گے؟

______________________________

6۔ اس عبارت کا عنوان لکھیے۔ ______________________________

LIVEWORKSHEETS